9 تصادمِ اقدار

VALUE CONFLICT

اس باب میں آپ جانیں گے:

- معاشرتی اقدار کی تعریف و مفہوم
- پاکستانی معاشرے کی معاشرتی اقدار
- معاشرتی اقدار کے وظائف
- تصادم قدر
- تصادم قدر کی وجوہات

www.downloadclassnotes.com

اقدار کسی بھی معاشرہ کے راہنما اصول ہوتے ہیں۔ لوگ ان اقدار سے محبت کرتے ہیں اور ان کو حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اقدار معاشرتی ڈھانچہ کو سہارا دیتی ہیں اور معاشرہ میں اچھائی اور برائی کے درمیان تمیز کو قائم کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں مختصراً اقدار کو اخلاقی احکامات بھی کہتے ہیں۔

اقدار
(VALUES)

لفظی معانی:

لفظ Value (قدر) لاطینی زبان کے ایک لفظ valere سے ماخوذ ہے جس کے معنی قابلِ قدر اور مضبوط کے ہیں۔

تعریف:

(i) **رابن ولیمز** کے بقول

"اقدار پسندیدگی کا مشترکہ تصور ہے۔"

(ii) **هیری ایم جانسن** کے بقول

"اقدار انفرادی یا ثقافتی معیار ہیں جن کے ذریعے ہم اشیاء کا موازنہ کرتے ہیں انہیں مقابلتاً پسندیدہ اور ناپسندیدہ قرار دیتے ہیں قابل تعریف اور ناقابل تعریف سمجھتے ہیں انہیں غلط یا درست تسلیم کرتے ہیں۔"

(iii) **آئن رابرٹسن** کے بقول

"قدر معاشرتی تصورات کا نام ہے جنہیں افراد کی پسندیدگی اور قبولیت حاصل ہو۔"

(iv) **ہارٹن اینڈ ھنٹ** کے مطابق

"پسندیدگی اور اچھائی کے پیمانہ / معیار کا نام قدر ہے۔"

"Measures of goodness or desireability is called values"

معاشرتی اقدار کی اہمیت / وظائف

(Importance/Functions of Social Values)

1- معاشرتی اقدار معاشرہ میں نظم واستحکام پیدا کرتی ہیں۔

2- معاشرتی اقدار افراد کے کردار کو کنٹرول کرتی ہیں جس سے معاشرہ میں سماجی ضبط قائم ہوتا ہے۔

3- معاشرتی اقدار معاشرہ میں مشترکہ کردار کو جنم دیتی ہیں جس سے گروہی سالمیت میں اضافہ ہوتا ہے۔

4- معاشرتی اقدار اور سماجی رسم و رواج کے درمیان گہرا تعلق ہے۔ معاشرہ کے رسم و رواج کی بنیادیں معاشرتی اقدار پر منحصر ہوتی ہیں۔

5- معاشرتی اقدار معاشرہ میں قانون اور ضابطہ قائم کرنے میں مدد کرتی ہیں۔

6- اقدار قوانین کو اخلاقی مدد اور جواز فراہم کرتی ہیں۔

پاکستانی معاشرہ کی بنیادی اقدار

1-اسلامی شعائر کی حفاظت و احترام: اسلامی شعائر کی حفاظت اور ان کا احترام اولین قدر ہے۔

2-حب الوطنی: وطن سے محبت اور اس کی سرحدوں کی حفاظت کرنا بھی ایک اہم قدر ہے جس پر ہم سب دل و جان سے چاہتے ہیں۔

کیا آپ جانتے ہیں؟

معاشرتی اقدار وقت، زمانہ، حالات اور ثقافت کے اعتبار سے بدلتی رہتی ہیں۔

3- عقائد کی حفاظت: توحید، رسالت، روزہ، حج، زکوٰۃ، ایمانداری، تحمل مزاجی، صبر و استقلال، ہمدردی، صداقت، اور عجز و انکساری ہمارے اسلامی عقائد میں شامل ہیں جن پر ہم ہر قیمت پر عمل پیرا ہوتے ہیں۔

4- شادی بیاہ کی رسومات: شادی بیاہ کی رسومات بھی ایک اہم قدر ہے۔ ان میں منگنی، مہندی، شادی اور ولیمہ شامل ہیں۔

5-دولت کا حصول: جائز طریقے سے مال و دولت کمانا بھی ایک اہم پاکستانی قدر ہے اور معاشرہ کا

www.downloadclassnotes.com

تقریباً ہر فرد اس کا حصول چاہتا ہے۔

6- **آزادی:** آزادی سے بڑی کوئی نعمت نہیں ہے اس لیے پاکستانی عوام آزادی کو ہر چیز سے افضل سمجھتے ہیں اور اس کا حصول و حفاظت کرتے ہیں۔

7- **دنیاوی کامیابی و ترقی:** دنیاوی معاملات میں کامیابی اور ترقی حاصل کرنا ہر شخص کی خواہش ہے اور ہمارے معاشرے کی اہم قدر ہے۔

8- **کثیر زوجگی سے ممانعت:** پاکستانی معاشرہ میں ایک سے زیادہ شادیوں کو ناپسند کیا جاتا ہے اور لوگ ایسے شخص کو ناپسند کرتے ہیں۔ اسی لیے یک زوجگی پاکستانی معاشرہ کی اہم قدر ہے۔

تصادم قدر
(Value Conflict)

تعریف:

"جب دو یا دو سے زیادہ مختلف اقدار کسی ایک سماجی حالت کے لئے پائی جائیں تو ان کے انتخاب میں جو کشمکش پیش آتی ہے اسے اقدار کا تصادم کہتے ہیں۔"

تصادم قدر کی وجوہات

(i) معاشرتی تغیر:

ہر معاشرے میں اقدار کا تصادم پایا جاتا ہے ہر معاشرہ تغیر پذیر ہے جس کی وجہ سے ثقافتی اقدار میں تبدیلی آتی رہتی ہے۔ پرانی اقدار کی جگہ نئی اقدار لیتی رہتی ہیں فرد کو بعض اوقات ایک ہی حالت میں کئی اقدار کا سامنا ہوتا ہے۔ وہ ان میں سے کسی ایک کو اپناتا ہے۔ لیکن اس کے لیے یہ فیصلہ کرنا کہ کس قدر کو چھوڑے اور کس کو اختیار کرے اتنا آسان اور ممکن نہیں اس وجہ سے وہ ایک ذہنی کشمکش میں مبتلا ہے۔ اسے ہم عمرانیات کی زبان میں اقدار کا تصادم کہتے ہیں۔

(ii) جدید اقدار:

ہمارے سامنے کئی طرز کے لباس سل سل کر سامنے آرہے ہیں۔ لیکن ان کے علاوہ لباس کے ثقافتی سٹائل بھی ہیں جن میں شیروانی وا چکن کے ساتھ شلوار اور ٹوپی بھی ہیں۔ ان لباسوں کو اپنانا اور ان میں ترجیح کے لحاظ سے ترتیب قائم کرنا مشکل ہے۔ ایک فرد کے نزدیک شیروانی اولین ہے تو دوسرے کے ہاں پتلون و کوٹ اہم ہے۔ یعنی یہاں قدیم و جدید طرز کا مقابلہ ہے۔ جبکہ دونوں ہماری اقدار ہیں۔ قدیم کو بھی مکمل طور پر نہیں چھوڑ سکتے کیونکہ معاشرتی زندگی میں یہ لباس نہایت

www.downloadclassnotes.com

مقبول و قابل احترام سمجھے جاتے ہیں۔ اور جدید طرز کو جدید تعلیم یافتہ گروہوں میں مقبولیت حاصل ہے۔ ایسے گروہوں میں نوجوان افراد شرکت کرتے ہیں۔

قدیم اقدار میں اچکن یا شیروانی اعلیٰ لباس سمجھا جاتا تھا۔ لیکن اب اس کا رواج تقریباً ختم ہو چکا ہے اس کی جگہ کوٹ، جرسی و جیکٹ نے لے لی ہے۔ دیہی علاقوں کے اکثر لوگ کمبل یا کھیس کو ہی پسند کرتے ہیں اب ہماری پسند کا فیصلہ فرد کی مالی حالت پر منحصر ہے۔ اکثر لوگ قیمتی لباس خریدنے کی استطاعت نہیں رکھتے۔ اور جو لوگ ان کو خریدنے کی استطاعت رکھتے ہیں ان میں سے ایک مخصوص تعداد ان جدید ملبوسات کو پہننا پسند نہیں کرتے کیونکہ اس سے مغربی ثقافت کی بو آتی ہے اور یہ مظہر ہمارے دیہی علاقوں میں نمایاں ہے۔

> **کیا آپ جانتے ہیں؟**
> ترقی اور کامیابی حاصل کرنا ایک معاشرتی قدر ہے۔

(iii) بدلتی ہوئی ثقافت:

اقدار کا تصادم معاشرے کی ثقافت پر منحصر ہے۔ اگر ثقافت لچکدار ہے۔ اس میں صنعتی و تعلیمی ترقی کی گنجائش ہے تو یہ تصادم سنگین نہیں ہوتا بلکہ لوگ اسے معمولی بات سمجھتے ہیں اور نئی اقدار کو جلد اپنا لیتے ہیں۔ اگر ثقافت نہایت قدیم ہے۔ اور معاشرتی ماحول میں تعلیمی و صنعتی عنصر بھی کم ہے تو پھر اقدار کا یہ تصادم افراد کے لیے سنگین بن جاتا ہے۔ بشرطیکہ افراد نئی اقدار کو قبول کرتے ہیں۔

جس طرح جدید و قدیم اقدار کا تصادم یقینی بات ہے اسی طرح ثقافت کی نوعیت بھی اس عمل میں نمایاں ہے۔ کسی معاشرے کی ثقافت جس قدر قدیم روایات کی حامل ہوگی اسی قدر اس میں یہ ٹکراؤ نمایاں ہوگا۔ کوئی ثقافت نہ تو مکمل طور پر جامد ہے اور نہ تغیر پذیر ہر ثقافت میں یہ دونوں خوبیاں پائی جاتی ہیں۔

(iv) ذرائع ابلاغ:

تصادم قدر کی جہاں بہت سی وجوہات ہیں وہاں ان میں سے ایک اہم وجہ ذرائع ابلاغ ہے۔ ذرائع ابلاغ کی بدولت پوری دنیا سے مختلف ثقافتوں اور تہذیبوں کی اقدار متعارف ہوتی ہیں جو کہ بعض اوقات اقدار میں تصادم پیدا کرتی ہیں۔

(v) معاشرتی تغیر:

معاشرتی تغیر انسانی معاشرے کی جان ہے کوئی معاشرہ ساکن رہتے ہوئے قائم نہیں رہ سکتا۔ جہاں معاشرتی تغیر معاشرہ کی ترقی کے لئے لازم و ملزوم ہے وہیں یہ عنصر تبدیلی کی وجہ سے معاشرتی اقدار میں تصادم پیدا کرتا ہے۔

(vi) معاشرتی ساخت میں تبدیلی:

پچھلی چند دہائیوں میں انفارمیشن ٹیکنالوجی اور جدید صنعتی و حرفی ترقی کی وجہ سے ہمارے معاشرے کی ساخت میں بے پناہ تبدیلیاں واقع ہوئی ہیں ان تبدیلیوں کی وجہ سے بعض اوقات افراد معاشرتی اقدار میں تصادم کی صورت حال سے دوچار ہوتے ہیں لہٰذا یہ اقدار میں تصادم کی ایک بڑی وجہ ہے۔

(vii) ابہام:

ذہنی ابہام بھی معاشرے میں تصادم قدر کی ایک وجہ ہے افراد نئی معاشرتی حالت میں چناؤ کرتے وقت ذہنی ابہام کا شکار ہوتے ہیں اور جس کی وجہ سے انہیں تصادم قدر کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

اہم سوالات

☜ ۱۔ تصادم قدر کی تعریف کریں نیز اس کی اہم وجوہات بیان کریں۔

☜ ۲۔ معاشرتی اقدار کی تعریف کریں نیز پاکستانی معاشرہ کی اہم اقدار بیان کریں۔

نوٹ: امتحانی نقطہ نگاہ سے اہم سوالات کے سامنے یہ نشان (☜) دیا گیا ہے۔

☆☆☆

مختصر سوالات و جوابات

☐ درج ذیل سوالات کے مختصر مگر جامع جواب دیں اور کوئی بھی جواب دو یا تین سطروں سے زیادہ نہ ہو۔

-1 تصادم قدر کی تعریف کریں؟

جواب۔ جب دو یا دو سے زیادہ مختلف اقدار کسی ایک سماجی حالت کے لیے پائی جائیں تو ان کے انتخاب میں جو کشمکش پیش آتی ہے اسے تصادم قدر یا اقدار کا تصادم کہتے ہیں۔

-2 معاشرتی اقدار کی تعریف کریں۔

جواب۔ پسندیدگی اور اچھائی کے مشترکہ معیار معاشرتی اقدار کہلاتے ہیں۔

-3 ہمارے معاشرہ میں سے کوئی سی دو اقدار کی مثالیں دیں۔

جواب۔ (i) فرد کا معاشرہ میں ترقی و کامیابی حاصل کرنا۔
(ii) ملک و قوم سے محبت کرنا۔

-4 تصادم قدر کی دو وجوہات بیان کریں۔

جواب۔ (i) معاشرتی تغیر (ii) غیر لچکدار ثقافت

-5 تصادم قدر کے دو اثرات بیان کریں۔

جواب۔ (i) معاشرتی مسائل میں اضافہ
(ii) ذہنی دباؤ و نفسیاتی مسائل میں اضافہ

-6 معاشرتی اقدار کے دو وظائف بیان کریں۔

جواب۔ ☆ اقدار معاشرہ میں نظم و استحکام پیدا کرتی ہیں۔
☆ اقدار معاشرہ میں گروہی سالمیت پیدا کرتی ہیں۔

-7 معاشرتی تغیر کی وجہ سے تصادم قدر کی حالت کیسے پیدا ہوتی ہے مختصراً بیان کریں؟

جواب۔ ہر معاشرہ تغیر پذیر ہے جس کی وجہ سے ثقافتی اقدار میں بھی تبدیلی آتی ہے۔ پرانی اقدار کی جگہ نئی اقدار لے لیتی ہیں اور فرد کو ایک وقت میں کئی اقدار کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور اس کے لیے یہ فیصلہ کرنا مشکل ہو جاتا ہے کہ کس کو چھوڑے اور کس کو اپنائے ایسی حالت کو تصادم قدر کہتے ہیں۔

-8 تصادم قدر اور انحراف کا آپس میں کیا تعلق ہے؟

جواب۔ تصادم قدر کے دوران معاشرتی معمولات کی خلاف ورزی بھی ہوتی ہے کیونکہ جس قدر کی پامالی ہوگی وہ معمولات کو متاثر کرے گی اور معمولات کا نظام درہم برہم ہو جائے گا اور نتیجہ یہ نکلے گا

www.downloadclassnotes.com

کہ معمولات سے انحراف معاشرتی برائی' جرم یا گناہ کی صورت میں ظاہر ہوگا۔

-9 تصادم اقدار سے معاشرتی مسائل کیسے پیدا ہوتے ہیں؟

جواب۔ تصادم قدر سے معاشرتی بدنظمی پیدا ہوتی ہے جس سے معاشرتی مسائل جنم لیتے ہیں لیکن تیزی سے بدلتے ہوئے معاشروں میں اقدار کا تصادم ضرور ہوتا ہے جو معاشرتی ترقی کی نشانی ہے اس لیے معاشرتی مسائل کا ابھرنا کوئی بری بات نہیں البتہ اس کا حل کرنا ایک اہم اقدام ہے۔

نوٹ: امتحانی نقطہ نگاہ سے اہم سوالات کے سامنے یہ نشان (☜) دیا گیا ہے۔

☆☆☆

کثیر الانتخابی سوالات (MCQs)

☐ مندرجہ ذیل میں ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب پر ٹک (✓) کریں۔

-1 ☜ معاشرتی اقدار کی حفاظت کون کرتا ہے؟

(a) انجمن (b) ادارہ (c) کلب (d) دفتر

-2 ☜ تصادم قدر سے پیدا ہوتی ہے؟

(a) ثقافت (b) صنعتی ترقی (c) معاشرتی بدنظمی (d) معاشرتی قبولیت

-3 ☜ اقدار ہیں؟

(a) اچھائی کے معیار (b) برائی کے معیار

(c) اچھائی اور برائی کے معیار (d) ان میں سے کوئی نہیں

-4 ☜ اقدار پائی جاتی ہیں؟

(a) جانوروں میں (b) پرندوں میں (c) انسانوں میں (d) تینوں میں

-5 ☜ تصادم قدر زیادہ ہے؟

(a) شہروں میں (b) دیہاتوں میں (c) جنگلوں میں (d) پہاڑوں میں

-6 تصادم قدر پیدا کرتی ہے؟

(a) معاشی ترقی (b) سماجی تغیر (c) گروہ (d) معاشرتی مسائل

-7 بیک وقت دو یا زیادہ اقدار میں کشمکش کہلاتا ہے؟

(a) تصادم قدر (b) تصادم کار منصب (c) تصادم (d) مسابقت

-8 ☜ تصادم قدر کی وجہ؟

(a) معاشرتی تغیر (b) معاشرتی درجہ بندی (c) معاشرتی حرکت پذیری (d) منصب

☜9- پسند اور ناپسند کے معیارات؟

(a) عقائد (b) اقدار (c) تحفہ (d) مستحبات

☜10- غیر منطقی ہے؟

(a) تجربہ (b) عقیدہ (c) سائنس (d) مشاہد

☜11- اقدار۔۔۔ معاشرہ میں پائی جاتی ہیں؟

(a) حیوانی (b) انسانی (c) جنگلی (d) یہ تمام

جوابات

(b) -1	(c) -2	(c) -3	(c) -4	(a) -5	(d) -6
(a) -7	(a) -8	(b) -9	(b) -10	(b) -11	

نوٹ: امتحانی نقطہ نگاہ سے اہم سوالات کے سامنے یہ نشان (☜) دیا گیا ہے۔

☆☆☆

www.downloadclassnotes.com